News Release
Communiqué

Ontario

Ministry of Citizenship and Immigration | Ministère des Affaires civiques et de l'Immigration

June 8, 2006

نوواردوں کے درپیش رکاوٹوں کو ختم کرنے کے لئے مگنٹی حکومت نیا قانونی مسودہ پیش کررہی ہے۔

مجوزہ قانون سے زیادہ نوواردوں کو ضابط پیشوں میں کام کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔

ٹورانٹو۔ اونٹاریو کے سٹیزن شپ اور امیگریشن کے وزیر، جناب مائیک کول نے آج اعلان کیا کہ ڈالٹن مگنٹی کی حکومت ایک قانونی مسودہ پیش کررہی ہے جس کا نام ہے فئیر ایکسیس ٹو ریگولیٹیڈ پروفیشنس ایکٹ(Fair Access to Regulated Professions Act, 2006) - اگریہ پاس ہو گیا تو تمام رکاوٹیں‌ختم ہو جائینگی اوربین الاقوامی تربیت یافتہ ماہرین اپنے ہی پیشے میں ملازمت حاصل کرسکینگے۔

پریمئیرمگنٹی کا کہنا ہے کہ وہ ان محنت کش تارکین وطن کے ساتھ ہیں‌جوان پیشوں میں کام کرنا چاہتے ہیں جن میں وہ مہارت حاصل کر چکے ہیں‌یہ قانون بندشوں کو مٹائیگا اور نوواردوں کو برابری کا مو قع دیگا تاکہ وہ اپنے ہنر کا پورا استعمال کرتے ہوئے صوبے کی معیشت میں‌ایک اہم کردار ادا کر سکیں۔

مجوزہ قانونی مسودہ کینیڈا میں اپنی نوعیت کا پہلا بل ہے جس کے تحت اونٹاریو کے 34 ضابط پیشوں پر یہ لازم ہوگا کہ ان کی لائیسنسنگ کا طریقہ صاف اور کھلا ہو۔ان پر یہ بھی لازم ہوگا کہ اعلیٰ تعلیم اور پیشہ وراناسنادکا جائزہ وتعین تیزی سے کیا جائے۔

مجوزہ قانون کی خصوصیات مندرجہ ذیل ہیں:
۔۔ایک فئیر رجسٹریشن پراکٹسیس کمشنرضابط پیشوں کی رجسٹریشن کے طریقہ کا جائزہ لیگااوردیکھے گا کہ کنٹرول کرنے والی تنظیم نئے قانون کا پوری طرح اطلاق کر رہی ہے یا نہیں۔
۔۔بین الاقوامی تربیت یافتہ لوگوں کے لئے ایک مرکز(Access Centre) قائم کیا جائےگا جو اونٹاریو کے باہر ٹریننگ پائے لوگوں کو اپنے پیشے میں ملازمت حاصل کرنے کے لئے ضروری معلومات فراہم کریگا۔یہ مرکز تعلیمی اداروں، کمپنییوں اور کمیونٹی ایجنسیوں کے لئے انٹرن شپ اور مینٹر شپ کا بہترین ذریعہ بن سکتا ہے۔

جناب کول کہتے ہیں کہ ہم یہ یقینی بنانا چاہتے ہیں کہ بین الاقوامی تربیت یافتہ ماہرین کا ہنر اور تجربہ ذائع نہ ہو بلکہ اونٹاریو کے لئے فائدہ مند ثابت ہو۔جن ہنرمند نوواردوں نے اونٹاریو کو چناہے ان کی راہ سے مشکلات ہٹاکر ہم اپنے عزم کا اظہار کر رہے ہیں۔

اونٹاریو کے انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کے پریزیڈنٹ اورCEOجناب برائین ہنٹ کہتے ہیں کہ اونٹاریو کی حکومت قابل تعریف ہے کہ بین الاقوامی تربیت یافتہ ماہرین کی مدد کے لئے ایک قانون بنا رہی ہے تاکہ وہ بہ آسانی ملازمت میں شامل ہو سکیں۔ان کے ادارے کا تجربہ یہ کہتا ہےکہ بین الاقوامی تربیت یافتہ ماہرین کوکریئر بنانے کاصاف راستہ دینے سے نہ صرف ماہرین کو ذاتی فائدہ ہوتا ہے بلکہ پورے صوبےکو فائدہ پہنچتا ہے۔

فئیر ایکسس ٹو ریگولیٹیڈ پروفیشنس ایکٹ 2006 ،مگنٹی گورمنٹ کا جدید ترین قدم ہے جونووارد وں کی کامیابی میں مددگار ثابت ہوگا۔چند اور اقدام مندرجہ ذیل ہیں:

-- بین الاقوامی تربیت یافتہ ماہرین کے لئے اونٹاریوپبلک سروس اور کرائون ایجنسیوں میں6 مہینے کے انٹرن شپ پروگرام شروع کئے جائےنگے۔
--بین الاقوامی تربیت یافتہ میڈیکل گریجویٹوںکے لئے تربیت اور اہلیت کا جائزہ لینے والی پوزشنس کو دوگنا کر دیا جائےگا۔
-- کینیڈا اور اونٹاریو کے درمیان امیگریشن کے اولین معاہدے پرمزید بات چیت کی جائےگی، جس کے تحت اونٹاریو میں نئے آنے والوں کی انگریزی زبان میں ٹریننگ اور انہیں آباد کرنے کی تنظیموں پر آنے والے پانچ برسوں میں فیڈرل فنڈنگ چار گنا بڑھا کر 920 ملینڈ ڈالر کر دی جائےگی۔
--ایک ویب سائیٹ Ontarioimmigration.ca قائم کی جائےگی جس کے ذریعہ نو واردوں کو اونٹاریو کی بستیوں سے لے کر پیشوں اور کاروباروں کے متعلق جدید ترین معلومات فراہم کی جائینگی۔

ہر سال ایک لاکھ چالیس ہزار افراد اونٹاریو میں آتے ہیں۔گزشتہ دو سالوں میں، ان نوواردوں میں سے آدھے سے زیادہ افراد یونیورسٹی میں تعلیم حاصل کئے ہوئے تھے۔ آئیندہ پانچ سالوں میں، صوبے کی ملازمت پیشہ آباد ی میں خالص افضائیش کے ذمے دار نئے آنے والے ہونگے۔

\- 30 -

Contacts:
Danna O'Brien
Minister's Office
416-325-3460

Karen Ras
Communications Branch
416-314-7012

Disponible en français

www.citizenship.gov.on.ca
www.OntarioImmigration.ca